RNI NO. APURD/2009/30780

روزنامہ

بے زبانوں کی زبان

صدائے حسینی

حیدرآباد

Sada-E-Hussaini

URDU DAILY

قیمت : 1 جلد (18) شمارہ (69) صفحات (8) 10/مارچ 2026 20/رمضان المبارک 1447ھ منگل 10-03-2026 Tuesday E-mail : sadaehussaini@gmail.com Rs .1 (with SM Rs 5)

اللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَۃَ أَمِیرِ الْمُؤْمِنِینَ (علیہ السلام)

لعنت خدا بر آمریکہ و اسرائیل۔ خرم آباد میں صیہونی و امریکی افواج نے عوامی املاک پر حملہ کیا۔

بیسویں دن کی دعا

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ فِیْہِ اَبْوَابَ الْجِنَانِ، وَأَغْلِقْ عَنِّی فِیْہِ اَبْوَابَ النِّیْرَانِ وَوَفِّقْنِیْ فِیْہِ لِتِلاَوَۃِ الْقُرْآنِ، یَا مُنْزِلَ السَّکِیْنَۃِ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ

اے معبود! آج میرے لئے جنت کے دروازے کھول دے اور آج مجھ پر جہنم کے دروازے بند فرما دے اور آج مجھے قرآن پڑھنے کی توفیق دے اے ایمان داروں کے دلوں کو تسلی بخشنے والے۔

ہم ٹرمپ کو نہیں چھوڑیں گے

خامنہ ای کی شہادت کی قیمت انہیں ادا کرنی ہوگی۔ ایران

نئی دہلی۔ 9/ مارچ (ایجنسی) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای پر حملے کے معاملے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو اس کی قیمت ضرور چکانی پڑے گی۔ ایران کی قومی سلامتی کونسل کے سکریٹری علی لاریجانی نے یہ سخت انتباہ دیا ہے۔ خامنہ ای کے قریبی ساتھیوں میں شمار ہونے والے لاریجانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک پیغام میں کہا کہ وہ اپنے رہنما کی موت کا بدلہ ضرور لیں گے۔ انہوں نے لکھا ہم ٹرمپ کو نہیں چھوڑیں گے۔ خامنہ ای کی موت کی قیمت انہیں چکانی ہوگی۔ حملوں میں ہمارے رہنما سمیت کئی لوگ جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے۔ ہم اس کا مناسب جواب دیں گے۔ لاریجانی نے ایک اور پیغام میں دعوی کیا کہ جنگ کے دوران کئی امریکی فوجیوں کو گرفتار کرلیا گیا ہے اور انہیں جیلوں میں رکھا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹرمپ یہ کہہ کر گمراہ کن بیان دے رہے ہیں کہ ایرانی حملوں میں صرف چھ امریکی فوجی ہلاک ہوئے ہیں جبکہ حقیقت میں ہلاکتوں کی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بعد میں مختلف حادثات اور فرضی واقعات دکھا کر ہلاکتوں کی تعداد بڑھائی جاسکتی ہے۔ موجودہ صورتحال پر مقامی میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے لاریجانی نے کہا کہ ایران کی جانب سے امریکہ اور اسرائیل کے خلاف جوابی کارروائیاں جاری ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر ویزویلا کے صدر نکولس مادورو کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ امریکی افواج انہیں قیدی بنا کرلے گئی ہیں۔ ان کے مطابق امریکہ نے ویزویلا کی طرح ایران میں بھی جلد جنگ ختم کرنے کی کوشش کی تھی مگر یہ منصوبہ ناکام ہوگیا۔ دوسری جانب امریکی فوج کے مرکزی کمانڈ سینٹ کام کے نمائندے نے لاریجانی کے اس دعوے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایران کی حکومت کے جھوٹ اور پروپیگنڈے کی ایک اور مثال ہے۔

دہلی فسادات کیس

شرجیل امام کو 10 دن کی عبوری ضمانت منظور

نئی دہلی۔ 9/ مارچ (ایجنسی) دہلی کی ایک عدالت نے 2020 کے شمال مشرقی دہلی فسادات کی مبینہ سازش سے متعلق کیس میں اسٹوڈنٹ لیڈر شرجیل امام کو 10 دن کی عبوری ضمانت دے دی ہے۔ عدالت نے انہیں یہ راحت اپنے بھائی کی شادی میں شرکت اور اپنی علیل والدہ کی دیکھ بھال کے لیے فراہم کی ہے۔ یہ پیش رفت اس وقت سامنے آئی ہے جب چند ماہ قبل جنوری 2026 میں سپریم کورٹ نے اسی کیس میں شرجیل امام اور شریک ملزم عمر خالد کی ضمانت کی درخواست مسترد کردی تھی۔ شرجیل امام ان متعدد افراد میں شامل ہیں جن کے خلاف فروری 2020 میں شمال مشرقی دہلی میں پھوٹ پڑنے والے فرقہ وارانہ فسادات کی مبینہ بڑی سازش کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ان فسادات میں 53 افراد ہلاک اور 700 سے زائد زخمی ہوئے تھے۔ اس کیس کی تفتیش دہلی پولیس کررہی ہے، جس کا الزام ہے کہ یہ تشدد شہریت ترمیمی قانون کے خلاف جاری احتجاج کے دوران عوامی نظم ونسق کو درہم برہم کرنے کے لیے ایک پہلے سے طے شدہ سازش کا نتیجہ تھا۔ جنوری میں سپریم کورٹ نے شرجیل امام اور عمر خالد کی ضمانت مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ استغاثہ کی جانب سے پیش کردہ مواد بادی النظر میں مبینہ سازش میں ان کے کردار کی نشاندہی کرتا ہے۔ تاہم اسی مقدمے میں عدالت نے دیگر پانچ ملزمین گل فشہ فاطمہ، میران حیدر، شفا الرحمٰن، محمد سلیم خان اور شداب احمد کو ضمانت دے دی تھی، یہ کہتے ہوئے کہ ان کا کردار شرجیل امام اور عمر خالد سے مختلف نوعیت کا ہے۔

نڈا نے راجیہ سبھا سے اپوزیشن کے واک آؤٹ کو غیر ذمہ دارانہ قرار دیا

نئی دہلی، 9 مارچ (ہ س)۔ قائد ایوان جے پی نڈا نے مغربی ایشیا کی صورتحال پر وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے بیان کے دوران راجیہ سبھا سے اپوزیشن کے واک آؤٹ کو غیر ذمہ دارانہ قرار دیا۔ نڈا نے کہا کہ اپوزیشن نے وزیر کے بیان کے دوران ایوان کی کارروائی میں خلل ڈالا جو کہ قابل مذمت اور غیر ذمہ دارانہ ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اپوزیشن کا مقصد تعمیری بحث کرنا نہیں بلکہ ایوان میں ''افراتفری اور ہنگامہ'' پیدا کرنا ہے۔ راجیہ سبھا میں قائد حزب اختلاف ملکارجن کھڑگے کی قیادت میں حزب اختلاف کے ارکان نے مغربی ایشیا کی صورت حال کے ہندوستان کی توانائی کی سلامتی اور اقتصادی استحکام پر ممکنہ اثرات پر مختصر مدتی بحث کا مطالبہ کیا تھا۔ جب یہ مطالبہ فوری طور پر تسلیم نہ کیا گیا اور وزیر خارجہ نے اپنا بیان شروع کیا تو اپوزیشن ارکان نے احتجاج کیا اور بعد میں ایوان سے واک آؤٹ کر دیا۔ نڈا نے کہا کہ اپوزیشن اکثر اہم قومی مسائل پر بات چیت میں حصہ لینے کے بجائے خلل ڈالنے اور واک آؤٹ کا سہارا لیتی ہے۔

گھریلو شیئر بازار میں لگاتار دوسرے دن زبردست گراوٹ

نئی دہلی، 9 مارچ (ہ س)۔ گھریلو شیئر بازار آج مسلسل دوسرے کاروباری روز نمایاں کمی کے ساتھ بند ہوا۔ مغربی ایشیا کے بحران کی وجہ سے خام تیل کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ، غیر ملکی سرمایہ کاروں کی فروخت اور کمزور عالمی اشارے بھی آج کے کاروبار میں نمایاں کمی کا باعث بنے تھے۔ مارکیٹ کھلنے کے بعد فروخت کا دباؤ تیز ہوگیا، جس سے سینسیکس اور نفٹی دونوں انڈیکس مزید کمزور ہوگئے۔ ٹریڈنگ کے پہلے آدھے گھنٹے کے بعد، خریداروں نے اپنی خریداری کا دباؤ بڑھانا شروع کر دیا، جس سے مارکیٹ کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی۔ پورے دن کے کاروبار کے بعد سینسیکس 1.71 فیصد اور نفٹی 1.73 فیصد کی گراوٹ کے ساتھ بند ہوا۔

روس ایران کیساتھ کھڑا رہے گا۔ پوتن کی مجتبیٰ خامنہ ای کو مبارکباد

روس۔ 9 مارچ (ایجنسی) ایران کے نئے سپریم لیڈر منتخب ہونے والے آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای کو روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے مبارکباد دی ہے۔ پوتن نے یقین دہانی کرائی کہ روس ایران کی حمایت میں کھڑا رہے گا۔ اس سلسلے میں پوتن نے پیر کے روز ایک بیان جاری کیا۔ اپنے پیغام میں پوتن نے کہا ایران کے سپریم لیڈر منتخب ہونے پر مجتبیٰ کو مبارکباد۔ اس مشکل وقت میں روس ایران کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ ایران میں ہمارے دوستوں اور ان کی خودمختاری کے لیے روس کی حمایت جاری رہے گی۔ ہمیں امید ہے کہ مجتبیٰ اپنے والد کی وراثت کو آگے بڑھاتے ہوئے ایرانی عوام کو متحد کریں گے۔ جاری جنگ کے دوران قیادت کرنا آسان نہیں، اس کے لیے مجتبیٰ کو بڑی ہمت اور عزم کی ضرورت ہوگی۔ ایک طرف جہاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مجتبیٰ کے انتخاب پر ناراضگی ظاہر کی ہے وہیں روس نے کھل کر ایران کی حمایت کی ہے۔ جنگ کے اس نازک وقت میں روس نے ایران کو اخلاقی حمایت دینے کا اعلان کیا ہے۔ حال ہی میں روسی صدر پوتن نے ایران کے صدر مسعود پزشکیان سے فون پر بات کی تھی۔ اس دوران انہوں نے حملوں میں شہید ہونے والے آیت اللہ خامنہ ای ان کے خاندان کے افراد، ایرانی عوام اور فوجیوں کے لیے تعزیت کا اظہار کیا جس پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے پوتن کا شکریہ ادا کیا۔ واضح رہے کہ ایران کی اسمبلی نے حال ہی میں مجتبیٰ خامنہ ای کو ملک کا نیا سپریم لیڈر منتخب کیا ہے۔ 1969 میں پیدا ہونے والے مجتبیٰ نے ایران میں ہی مذہبی علما کے پاس تعلیم حاصل کی ہے۔ حالیہ اسرائیلی حملوں میں مجتبیٰ کے والد اور ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای ان کی والدہ اور مجتبیٰ کی اہلیہ بھی ہلاک ہوگئی تھیں۔ مجتبیٰ کے منتخب ہونے کے بعد ان کے حامیوں نے ایران میں جشن منایا۔ دوسری جانب ایران۔ اسرائیل جنگ کے دوران روس پر یہ الزامات بھی لگ رہے ہیں کہ وہ ایران کو انٹیلیجنس معلومات فراہم کررہا ہے۔ امریکہ نے بھی روس پر اسی نوعیت کے الزامات عائد کیے ہیں۔

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کیخلاف عدم اعتماد کی تحریک

اپوزیشن کے 118 ارکان کی حمایت

نئی دہلی۔ 9/ مارچ (ایجنسی) پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوسرے مرحلے کے آغاز کے ساتھ ہی لوک سبھا کی سیاست میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں اپوزیشن جماعتوں نے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کر دی ہے۔ اس تحریک کی حمایت میں 118 ارکانِ پارلیمنٹ کے دستخط بتائے جارہے ہیں، جس کے بعد ایوان میں سیاسی کشیدگی مزید بڑھ گئی ہے۔ بیجو جنتا دل کے رکن پارلیمنٹ سسمت پاترا نے پیر کے روز اس پیش رفت پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ کا موجودہ اجلاس نہایت اہم ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ اسی دوران لوک سبھا اسپیکر کے خلاف پیش کی گئی تحریک پر بھی بحث ہوگی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس معاملے پر ایوان میں سنجیدہ مکالمہ، غور وفکر اور مباحثہ ہوگا تاکہ جمہوری اقدار کو برقرار رکھا جا سکے۔ ادھر شیو سینا) ادھوٹھا کرے دھڑا (کے سینئر رہنما ارِوند ساونت نے کہا کہ اسپیکر کا منصب آئین سے بالاتر نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے واضح کیا کہ اوم برلا کی ذاتی حیثیت کا احترام اپنی جگہ، لیکن اسپیکر کے طور پر ان کے بعض فیصلوں پر اپوزیشن کو سخت اعتراض ہے۔ ان کے مطابق عدم اعتماد کی یہ تحریک اسپیکر کے مبینہ طور پر اختیارات کے غلط استعمال کے خلاف پیش کی گئی ہے۔ اسی سلسلے میں شیو سینا) ادھوٹھا کرے دھڑا (کے رکن پارلیمنٹ سنجے راوت نے بھی مرکزی حکومت کو نشانہ بناتے ہوئے الزام لگایا کہ حکومت اپوزیشن کو سننے کے لیے تیار نہیں ہے۔ انہوں نے دعوی کیا کہ لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی کو اس وقت بولنے کی اجازت نہیں دی گئی جب وہ سابق فوجی سربراہ جنرل ایم ایم نرونے کی غیر شائع شدہ یادداشتوں کا حوالہ دے رہے تھے۔ دوسری جانب حکومت نے اس تحریک کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے اسے سیاسی چال قرار دیا

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں زبردست اضافہ

نئی دہلی۔ 9/ مارچ (ایجنسی) ایران اور اسرائیل۔ امریکہ کے درمیان مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث پیر کے روز عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں زبردست اضافہ دیکھا گیا۔ کشیدگی اور سپلائی کے خدشات کے باعث خام تیل کی قیمت تقریبا 115 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی اور ایک وقت پر یہ 125 ڈالر کے قریب بھی جا پہنچی۔ یہ 2022 کے بعد سب سے زیادہ بلند سطح ہے۔ اس صورتحال نے خاص طور پر ان ممالک کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے جو درآمدی تیل پر زیادہ انحصار کرتے ہیں۔ بھارت بھی ان میں شامل ہے کیونکہ وہ اپنی ضروریات کا تقریبا 85 فیصد تیل درآمد کرتا ہے۔ اس وجہ سے جب عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھتی ہیں تو بھارت کو اسی مقدار میں تیل خریدنے کے لیے کہیں زیادہ رقم خرچ کرنا پڑتی ہے۔ گزشتہ مالی سال 202425 میں بھارت نے تقریبا 243 ملین ٹن خام تیل درآمد کیا جسکی مالیت تقریبا 137 ارب ڈالر تھی۔ ماہرین کے مطابق اگر خام تیل کی قیمت طویل عرصے تک 100 سے 115 ڈالر فی بیرل کے درمیان برقرار رہتی ہے تو بھارت کا تیل درآمدی بل ہر سال تقریبا 56 سے 64 ارب ڈالر (یعنی تقریبا 5 سے 5.9 لاکھ کروڑ روپے) تک بڑھ سکتا ہے۔

فطرت کے تحفظ کیلئے جھیلوں اور آبی ذخائر کو بحال کرنا ضروری

کوکٹ پلی میں واقع نالا چیرو کی تجدید و بحالی کے بعد افتتاح کے بعد چیف منسٹر ریونت ریڈی کا خطاب

حیدرآباد۔ 9/ مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) وزیرِ اعلی تلنگانہ جناب اے ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت جھیلوں، تالابوں اور کنٹوں کی بحالی اور شہر کی ترقی کے لیے کی جانے والی انہدامی کارروائیوں کے دوران ان افراد کو انصاف فراہم کرنے کیلئے تیار ہے جنہوں نے ان آبی ذخائر کے قریب مکانات تعمیر کیے ہیں۔ آج کوکٹ پلی میں واقع نالا چیرو کی تجدید و بحالی کے بعد افتتاح کرتے ہوئے وزیرِ اعلی نے کہا کہ بڑے میٹروپولیٹن شہروں کو کئی مسائل کا سامنا ہے اسی لیے حیدرآباد میں فطرت کے تحفظ کے لیے جھیلوں، تالابوں اور آبی ذخائر کو بحال کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آیئے موسی دریا کی عظمت کو دوبارہ بحال کریں اور دیگر آبی ذخائر کو محفوظ بنائیں تاکہ مستقبل میں شہر کو سیلاب کے خطرات سے بچایا جاسکے۔ وزیرِ اعلی نے کہا کہ حکومت کیور ریجن CURE region میں موجود تمام تالابوں کی بحالی کے لیے پرعزم ہے اور اس مقصد کے لیے تجاوزات کو ہٹایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی ترقی کے لیے حکومت مناسب فنڈز جاری کرے گی۔ جھیلوں اور تالابوں کی بحالی کے دوران مختلف حلقوں کی جانب سے سخت تنقید کا سامنا کرنا پڑا، لیکن حکومت نے خاموشی اختیار کی۔ اب نالا چیرو کی بحالی کے بعد مقامی عوام کے چہروں پر خوشی دیکھ کر وہ تنقید دعاں میں بدل گئی ہے۔ وزیرِ اعلی نے واضح کیا کہ حکومت کا مقصد مستقبل کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنا ہے اور غریب عوام کو مشکلات میں ڈالنا نہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ بحال کیے جانے والے تمام تالابوں کے اطراف خواتین کے لیے اسٹالز اور بچوں کے لیے کھیل کے میدان قائم کیے جائیں گے۔ ریونت ریڈی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے مسائل براہِ راست ان تک پہنچائیں حکومت فنڈز جاری کرنے کی ذمہ داری لے گی۔ انہوں نے کہا کہ مشکل وقت میں عوام نے ان کا ساتھ دیا اور وہ ان علاقوں کی ترقی کے لیے ہمیشہ تیار ہیں۔ وزیرِ اعلی نے یہ بھی کہا کہ بطور وزیرِ اعلی ککٹ پلی کا دورہ کرنا ان کے لیے خوشی کا باعث ہے جو ملکاجگری پارلیمانی حلقہ کے تحت آتا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ پارلیمانی حلقہ کے تمام اسمبلی حلقوں کو سیاسی وابستگی سے بالاتر ہوکر ترقیاتی فنڈز فراہم کیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ وزیرِ اعلی تلنگانہ جناب اے ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت جھیلوں، تالابوں اور کنٹوں کی بحالی اور شہر کی ترقی کے لیے کی جانے والی انہدامی کارروائیوں کے دوران ان افراد کو انصاف فراہم کرنے کیلئے تیار ہے جنہوں نے ان آبی ذخائر کے قریب مکانات تعمیر کیے ہیں۔

دہلی شراب کیس

اروند کیجریوال؛ کویتا سمیت 23 افراد کو کورٹ کی نوٹس

نئی دہلی۔ 9/ مارچ (ایجنسی) دہلی شراب کیس میں ہائی کورٹ نے اروند کیجریوال، کویتا اور منیش سسودیا سمیت مجموعی طور پر 23 افراد کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کیا ہے۔ یہ نوٹس مرکزی تحقیقاتی ایجنسی کی درخواست پر جاری کیے گئے ہیں۔ تحقیقاتی ایجنسی نے حال ہی میں راس ایونیو عدالت کی جانب سے ملزمین کو دی گئی کلین چٹ کو دہلی ہائی کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ سماعت کے دوران حکومت کے اعلی وکیل نے عدالت میں دلائل پیش کیے۔ اس موقع پر ہائی کورٹ نے خصوصی عدالت کی جانب سے تحقیقاتی ایجنسی کے بارے میں دیے گئے بعض ریمارکس پر عبوری روک لگا دی۔ عدالت نے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے مقدمے کی سماعت مخر کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے ٹرائل کورٹ کو کارروائی ملتوی کرنیکا مشورہ دیا۔ عدالت نے آئندہ سماعت ایک ہفتے بعد پیر کے دن مقرر کی ہے۔

مظفر نگر میں معمولی بات پر شرپسندوں کا امام پر حملہ

5 افراد کیخلاف مقدمہ درج

مظفر نگر۔ 9/ مارچ (ایجنسی) اتر پردیش کے مظفر نگر میں مسجد سے نماز پڑھا کر نکلنے والے امام عبدالوہاب پر شرپسندوں نے حملہ کرکے زخمی کردیا۔ اطلاعات کے مطابق سڑک پر کرکٹ کھیل رہے چند نوجوانوں کی بال امام کو لگ گئی، جس کے بعد دونوں فریقوں میں تلخ کلامی ہوئی اور نوجوانوں نے امام حملہ کردیا۔ واقعہ کے فورا بعد پولیس موقع پر پہنچی اور امام کو ضلع اسپتال، مظفر نگر میں طبی امداد کے لیے منتقل کیا گیا۔ پولیس نے اس معاملے میں پانچ افراد کے خلاف جان لیوا حملے کی رپورٹ درج کی اور ایک ملزم لاوی کو گرفتار کرلیا۔ دیگر ملزمین میں رشب، آدتیہ، ہریش اور بسانت شامل ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ معاملے کی مکمل تحقیقات جاری ہیں اور موقع پر حالات پر قابو پانے کیلئے اضافی فورس تعینات کی گئی ہے۔